پریس ریلیز

گوجرانوالہ 21 جون 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب سے آج نیوز اینڈ بزنس ریکارڈر کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت ڈائریکٹر مارکیٹنگ آج نیوز اینڈ بزنس ریکارڈر کراچی احدز بیری نے کی جبکہ ان کے ہمراہ ذوالفقار بٹ ڈی جی ایم سیلز آج نیوز اینڈ بزنس ریکارڈر لاہور، کاشف شہزاد آر جی ایم آج نیوز اینڈ بزنس ریکارڈر لاہور جبکہ گوجرانوالہ سے راجہ حبیب نمائندہ آج نیوز اور چیف ایڈیٹر روزنامہ ترغیب شامل تھے۔اس موقع پر چیمبر کے سابق صدر ملک ظہیر الحق ،محمد شعیب بٹ ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل موجود تھے۔ڈائریکٹر مارکیٹنگ آج نیوز اینڈ بزنس ریکارڈر کراچی احدز بیری نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں آنے کا مقصد یہی ہے کہ بزنس سے جان سکیں کہ حکومت نے جو بجٹ پیش کیا ہے یا پالیسیز مرتب کہیں ہیں بزنس کمیونٹی کس حد تک مطمئن ہے علاوہ ازیں گوجرانوالہ کی صنعتی اہمیت اور یہاں تیار کی جانے والی مصنوعات کے متعلق جانکاری حاصل کی جا سکے۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے بتایا کہ گوجرانوالہ کاروباری اعتبار سے پاکستان کا اہم صنعتی شہر ہے یہاں کی بزنس کمیونٹی اربوں روپے سالانہ حکومت خزانے میں ٹیکس جمع کروا کر ملکی معیشت کو مستحکم بنا رہی ہے۔جہاں تک ملک میں کاروباری حالات کا تعلق ہے اس وقت بزنس کمیونٹی کاروباری لحاظ سے انتہائی پریشان ہے ملک میں امپورٹ ہو رہی ہے نہ ایکسپورٹ ملک میں ڈالر کی عدم دستیابی نے کاروباری سرگرمیوں کو خطرناک حد تک ماند کر دیا ہے۔انڈسٹری کے پاس راء میٹریل ہی دستیاب نہیں۔لوگوں کے بینکوں سے ڈاکومنٹس ہی کلیئر نہیں ہو رہے، کنٹینرز مالکان کو ڈیمرج اور ڈیٹنشن کی مد میں بھاری مالی نقصان ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے ہی ملک میں فارن ریزرو کی شدید قلت ہے جبکہ بیرونی شپنگ کمپنیز ڈیٹنشن کی مد میں ڈالر کی شکل میں واپس لے رہی ہیں جو کہ پاکستان کو مزید زرمبادلہ کم کرنے کا موجب بن رہا ہے۔لہٰذا کاروباری مشکل حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت فوری طور پر ڈیمرج اور ڈیٹنشن ختم کر کے کنٹینرز ریلیز کروائے۔حکومت کی طرف سے پیش کئے جانے والے بجٹ میں کچھ ابہام ہیں چیمبرز کی طرف سے جو تجاویز بھیجی گئیں تھیں ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔جبکہ حکومت سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں نہیں لے گی اور بزنس دوست پالیسیاں مرتب نہیں کریگی پاکستانی معیشت اسی طرح مشکلات سے دوچار رہ گی۔انہوں نے آج نیوز اور بزنس ریکارڈر کے وفد سے کہا کہ آپ ایک بڑے نیوز چینلز گروپ سے ہیں آپ ہماری آواز بنیں اور ہماری آواز حکومت تک پہنچائیں۔